اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ (سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا) مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ. (نسائی: رقم: ۱۱۷۳)

حدیث نمبر ۳۰

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ، اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ ، اَشْهَدُ اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ (سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا) مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، اَسْأَلُ اللّٰهَ الْجَنَّةَ وَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ.

(نسائی: رقم: ۱۱۷۴، طحاوی: ۱/۱۱۸ بزیادۃ الواؤ قبل أسال اللہ الخ)

حدیث نمبر ۳۱

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ الزَّاکِیَاتُ لِلّٰہِ الطَّیِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰہِ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَكَاتُهٗ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ ، اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْهَدُ اَنَّ (سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا) مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ.

(موطا امام مالک: رقم: ۲۰۷)

حدیث نمبر ۳۲

بِسْمِ اللّٰہِ وَ بِاللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ ، اَلتَّحِیَّاتُ الطَّیِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰہِ ، اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَ {اَشْهَدُ} اَنَّ (سَیِّدَنَا وَ

مَوْلَانَا) مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ، اَرْسَلَهٗ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا، وَاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ {وَبَرَكَاتُهٗ}، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَاهْدِنِیْ.

(شرح معانی الآثار للطحاوی: ۱/۱۸۸ بسقط ''وبرکاتہ''، جمع الفوائد: ۱/ ۲۵۵ بسقط ''اشہد'' قبل ''ان محمدا'')

حدیث نمبر ۳۳

اَلتَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ وَالصَّلَوَاتُ وَالْمُلْكُ لِلّٰهِ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ .

(ابوداود: رقم: ۹۷۱)

حدیث نمبر ۳۴

بِسْمِ اللهِ ، اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ الصَّلَوَاتُ لِلّٰهِ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهٗ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ، شَهِدْتُّ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ شَهِدْتُّ اَنَّ (سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا) مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ.

(موطا امام مالک: رقم: ۲۰۸)

حدیث نمبر ۳۵

اَلتَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ، اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَنَّ (سَيِّدَنَا وَ مَوْلَانَا) مُحَمَّدًا عَبْدُ اللهِ وَ رَسُوْلُهٗ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ.

(موطاامام مالک: رقم: ۲۰۹)

حدیث نمبر ۳۶

اَلتَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ، اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ (سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا) مُحَمَّدًا عَبْدُ اللّٰهِ وَ رَسُوْلُهٗ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ.

(موطاامام مالک: ص ۳۲)

حدیث نمبر ۳۷

اَلتَّحِيَّاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ، اَلسَّلَامُ

عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ ، اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَ اَنَّ (سَيِّدَنَا وَ مَوْلَانَا) مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ. (مجموعۃ الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان، رقم:٢١٦٧)

حدیث نمبر ٣٨

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ ، اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ (سَيِّدَنَا وَ مَوْلَانَا) مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ. (ابوداود: رقم:٩٦٧)

حدیث نمبر ٣٩

اَلتَّحِيَّاتُ الْمُبَارَكَاتُ الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ

لِلّٰهِ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ ، اَشْهَدُ اَنْ لَّآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ (سَيِّدَنَاوَمَوْلَانَا) مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ.

(مسلم، واللفظ لہ: رقم: ٦٠-٤٠٣، ابوداود: رقم: ٩٧٠، بزیادۃ الواؤ قبل اشہدان لاالٰہ الااللہ الخ)

حدیث نمبر ٤٠

بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰه.

(ابن ماجہ: رقم: ٧٧١)

يا ربِّ صلِّ وسلِّم دائماً أبداً

عَلى حَبِيبكَ خَيرِ الخَلق كُلِّهِم

صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا) مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ، وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ، وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ، وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ، وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ، فِي الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ.

(القول البدیع محققہ شیخ محمد عوامہ: ص ۴۳۵)

فائدہ: شیخ الاسلام حضرت سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ آفات سے تحفظ کے لیے بعد نماز عشاء ستر مرتبہ پڑھنے کو فرماتے تھے۔

(مکتوبات: ص ۹۵)

جامع دعا

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے عرض کیا کہ : حضور! دعائیں تو آپ نے بہت سی بتادی ہیں اور ساری یاد نہیں رہتیں، کوئی ایسی مختصر دعا بتادیجئے، جو سب دعاؤں کو شامل ہو جائے، اس پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہ دعا تعلیم فرمائی:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسأَلُكَ مِنَ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ (سَيِّدُنَا وَ مَوْلَانَا) مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ (سَيِّدُنَا وَ مَوْلَانَا) مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ. (ترمذی: رقم: ۳۵۲۱)

اسماء حسنیٰ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ اللہ تعالی کے ننانوے نام ہیں، جوان کو یاد کرلے وہ جنت میں جائے گا:

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِیْمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ
الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْخَالِقُ
الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ
الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ
الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ الْمُذِلُّ السَّمِیْعُ
الْبَصِیْرُ الْحَكَمُ الْعَدْلُ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ
الْحَلِیْمُ الْعَظِیْمُ الْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ الْعَلِیُّ

الْكَبِيْرُ الْحَفِيْظُ الْمُقِيْتُ الْحَسِيْبُ الْجَلِيْلُ
الْكَرِيْمُ الرَّقِيْبُ الْمُجِيْبُ الْوَاسِعُ الْحَكِيْمُ
الْوَدُوْدُ الْمَجِيْدُ الْبَاعِثُ الشَّهِيْدُ الْحَقُّ
الْوَكِيْلُ الْقَوِىُّ الْمَتِيْنُ الْوَلِىُّ الْحَمِيْدُ
الْمُحْصِى الْمُبْدِئُ الْمُعِيْدُ الْمُحْيِ الْمُمِيْتُ
الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ الْوَاحِدُ
الصَّمَدُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ
الْاَوَّلُ الْاٰخِرُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ الْوَالِى
الْمُتَعَالِى الْبَرُّ التَّوَّابُ الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ
الرَّءُوْفُ مَالِكُ الْمُلْكِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ
الْمُقْسِطُ الْجَامِعُ الْغَنِىُّ الْمُغْنِى الْمَانِعُ

الضَّآرُّ النَّافِعُ النُّوْرُ الْهَادِی الْبَدِیْعُ الْبَاقِیْ الْوَارِثُ الرَّشِیْدُ الصَّبُوْرُ. جَلَّ جلالُه

(ترمذی: رقم: ٣٥٠٧)

ابن ماجہ کی روایت میں ترمذی کے بیان کردہ ناموں سے الگ، یہ پچیس نام ہیں، اِن ناموں کو بھی پڑھ لیا جائے:

اَلْبَارُّ الْجَمِیْلُ الْقَاھِرُ الْقَرِیْبُ الرَّبُّ الْمُبِیْنُ الْبُرْھَانُ الشَّدِیْدُ الْوَاقِیْ ذُوالْقُوَّۃِ الْقَآئِمُ الدَّآئِمُ الْحَافِظُ الْفَاطِرُ السَّامِعُ الْمُعْطِی الْکَافِیْ الْاَبَدُ الْعَالِمُ الصَّادِقُ الْمُنِیْرُ التَّآمُّ الْقَدِیْمُ الْوِتْرُ الْاَحَدُ

(ابن ماجہ: رقم: ٣٨٦١)

فائدہ: اسماء حسنی کو پڑھ کر دعا کرنے سے دعا قبول ہوتی ہے۔

آسان معمولاتِ یومیہ

حضرت اقدس مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب نعمانی

- دامت برکاتهم العالية -

مہتمم دارالعلوم دیوبند

معمولاتِ یومیہ

معمولات کی پابندی روحانی ترقی کا زینہ ہے، معمولات کی ادائیگی کے لیے ایک وقت متعین کرنے میں بڑی خیر و برکت ہے اور اس سے پابندی کی توفیق ملتی ہے۔

۱-ایمان

(۱) کلمۂ طیبہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ.

ترجمہ: اللہ کے سوا اور کوئی عبادت کے لائق نہیں، حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے (بھیجے ہوئے سچے) رسول ہیں۔

(۲) کلمۂ شہادت: اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ.

ترجمہ: گواہی دیتا ہوں میں اس بات کی کہ: اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے، اور گواہی دیتا ہوں میں اس بات کی

کہ حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے خاص بندے اور رسول ہیں۔

(۳) کلمۂ تمجید: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ پاک ہیں اور تمام خوبیاں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑے ہیں اور قوت وطاقت نہیں ہے (نہ نیکیوں کے کرنے کی نہ برائیوں سے بچنے کی) مگر اللہ بزرگ و برتر کی مدد سے۔

(۴) کلمۂ توحید: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، ملک اسی کے لیے ہے اور ساری خوبیاں اسی کے لیے

ہیں، وہی زندہ کرتا ہے وہی موت دیتا ہے، ساری بھلائیاں اس کے قبضۂ قدرت میں ہیں اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

(۵) کلمۂ ردِ کفر: اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّ اَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّاْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْمَعَاصِیْ كُلِّهَا اَسْلَمْتُ وَاٰمَنْتُ وَ اَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ.

ترجمہ: اے میرے اللہ ! میں پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں تیرے ساتھ کسی کو شریک مانوں اس حال میں کہ میں جانتا ہوں اس کو، اور میں پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ تیرا شریک مانوں کسی کو لاعلمی میں، میں شرک سے توبہ کرتا ہوں، اور برأت ظاہر کرتا ہوں کفر اور شرک سے، اور تمام گناہوں سے، میں اسلام لاتا ہوں اور ایمان لاتا ہوں اور اقرار کرتا ہوں کہ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں،

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے (سچے) رسول ہیں۔

(۶) ایمان مجمل: اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ کَمَا ھُوَ بِاَسْمَائِہٖ وَ صِفَاتِہٖ وَ قَبِلْتُ جَمِیْعَ اَحْکَامِہٖ.

ترجمہ: ایمان لایا میں اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور اپنی صفات کے ساتھ ہے اور قبول کیا میں نے اللہ کے تمام احکامات کو

(۷) ایمان مفصل: اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَ مَلٰئِکَتِہٖ وَ کُتُبِہٖ وَ رُسُلِہٖ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَ الْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَ شَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ.

ترجمہ: ایمان لایا میں اللہ پر اور اُس کے فرشتوں پر اور اُس کی کتابوں پر اور اُس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اس بات پر کہ دنیا میں جو کچھ اچھا یا برا ہوتا ہے سب تقدیر سے ہوتا ہے، اور (ایمان لایا میں) اس بات پر کہ مرنے کے بعد پھر زندہ ہونا ہے۔

۲- نماز

(۱) ایمان کے بعد سب سے اہم چیز نماز ہے، ہر بالغ مرد و عورت نماز پنج گانہ کی روزانہ پابندی کرے مردوں کو مسجد میں باجماعت تکبیر اولیٰ سے ادائیگی کا اہتمام کرنا چاہئے، اور عورتوں کے لیے اول وقت میں اپنے گھر کے اندر نماز پڑھنا بہتر ہے، بالغ ہونے کے بعد جو نمازیں فوت ہوئی ہیں (جن کو قضا نماز یا قضاء عمری کہا جاتا ہے) اُن کو جلد از جلد اولین فرصت میں ادا کرنے کی کوشش کریں، اگر موت تک ادا نہ کرسکیں تو فدیہ کی وصیت کریں۔ (۲) پنجوقتہ فرائض کے شروع اور اخیر میں جو سنن ونوافل ہیں ان کی پابندی کریں۔ (۳) رات کے اخیر حصہ میں نماز تہجد کی عادت ڈالیں کم از کم دو رکعت، زیادہ سے زیادہ بارہ رکعت۔ (۴) طلوع آفتاب کے بعد جب سورج بلند ہو جائے اس وقت نماز اشراق دو یا چار رکعت پڑھیں جس کے متعلق حدیث شریف میں ''ایک مقبول حج وعمرہ کا ثواب'' منقول ہے۔ (۵) جب سورج خوب اونچا ہو جائے اور دھوپ

تیز ہو جائے زوال سے پہلے پہلے تو چاشت کی نماز چار رکعت پڑھیں۔ (۶) مغرب کی نماز کے بعد اوابین کی چھ رکعت (زیادہ سے زیادہ بیس رکعت) پڑھیں۔ (۷) وضو کے بعد دو رکعت تحیۃ الوضو اور مسجد میں داخل ہونے پر دو رکعت تحیۃ المسجد پڑھنی چاہئے (بشرطیکہ وقتِ مکروہ نہ ہو)۔ (۸) صلوۃ الحاجۃ اور صلوۃ التوبہ کا بھی اہتمام کرنا چاہئے۔ (۹) صلوۃ التسبیح اگر روزانہ نہ ہو سکے تو کم از کم ہفتہ میں ایک بار جمعہ کے دن پڑھنے کا اہتمام کریں جس کا ثواب اور طریقہ یہ ہے :

صلاۃ التسبیح

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا، اے میرے چچا کیا میں آپ کو ایک عطیہ کروں ؟ ایک بخشش کروں ؟ ایک چیز بتاؤں ؟ آپ کو دس چیزوں کا مالک بناؤں ؟ جب آپ اس کام کو کریں گے تو حق تعالیٰ شانہ آپ کے سب گناہ اگلے پچھلے پُرانے اور نئے، غلطی سے کیے، ہوئے اور جان بوجھ کر کیے ہوئے، چھوٹے اور بڑے چھپ کر کیے ہوئے اور کھلم کھلا کیے ہوئے، سب ہی معاف فرمادیں گے، وہ کام یہ ہے کہ : چار رکعت

نفل (صلوۃ التسبیح کی نیت باندھ کر) پڑھیں اور ہر رکعت میں جب الحمد اور سورت پڑھ چکیں تو رکوع سے پہلے کھڑے ہوئے "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ" پندرہ مرتبہ پڑھیں، پھر جب رکوع کریں تو دس مرتبہ تسبیح کے بعد پڑھیں، پھر جب رکوع سے کھڑے ہوں تو قومہ میں تحمید کے بعد دس مرتبہ پڑھیں، پھر جب سجدہ کریں تو تسبیح کے بعد دس مرتبہ پڑھیں، پھر جب سجدہ سے اٹھ کر بیٹھیں تو دس مرتبہ پڑھیں، پھر جب دوسرے سجدہ میں جائیں تو تسبیح کے بعد دس مرتبہ پڑھیں، پھر جب دوسرے سجدہ سے اٹھیں تو (دوسری رکعت کے لیے) کھڑے ہونے سے پہلے بیٹھ کر دس مرتبہ پڑھیں، اور دونوں قعدہ میں التحیات سے پہلے تسبیح پڑھیں، ان سب کی میزان ۷۵ ہوئی، چار رکعت میں کل تعداد ۳۰۰ مرتبہ ہوگئی، اگر ممکن ہوسکے تو روزانہ ایک مرتبہ اِس نماز کو پڑھ لیا کریں، یہ نہ ہوسکے تو ہر جمعہ کو ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں، یہ بھی نہ ہوسکے تو ہر مہینہ میں ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں، یہ بھی نہ ہوسکے تو ہر سال میں ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں، یہ بھی نہ ہوسکے تو عمر بھر میں ایک مرتبہ تو پڑھ ہی لیں۔ (ابوداود: رقم: ۱۲۹۷)

ابوداؤد نے الفاظِ حدیث یوں بھی نقل کیے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ: حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ: چار رکعت نماز پڑھیں، پھر اسی طریقہ سے سنائی جو اوپر گذرا، اِس حدیث میں چاروں کلمات کے ساتھ "لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ" بھی آیا ہے۔

اور حضرت عبداللہ بن مبارکؒ سے اس نماز کا طریقہ یوں بیان کیا گیا ہے: سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ ...الخ پڑھنے کے بعد الحمد شریف پڑھنے سے پہلے پندرہ دفعہ ان کلموں کو پڑھے، پھر اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھ کر الحمد شریف اور پھر کوئی سورت پڑھے سورت کے بعد رکوع سے پہلے، پھر رکوع میں، پھر رکوع سے اٹھ کر، پھر دونوں سجدوں میں اور دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھ کر دس دس مرتبہ پڑھے یہ ۷۵ ہو گئی، (اس صورت میں دوسرے سجدے کے بعد بیٹھ کر پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے، اور نہ ہی قعدۂ اولی واخیرہ میں) علامہ تقی سبکی فرماتے ہیں کہ: یہ نماز بڑی اہم ہے، بعض لوگوں کے انکار کی وجہ سے دھوکہ میں نہ پڑنا چاہئے۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ فرماتے ہیں کہ:

صلوۃ التسبیح کی ترغیب دی گئی ہے، اس کا عادی بننا مستحب ہے، اس سے غفلت نہیں برتنی چاہئے۔

(۹) جنازہ کے ساتھ جائیں اور نماز جنازہ کی بھی عادت ڈالیں۔

(۱۰) ۹ ذی الحجہ کی فجر کی نماز سے لے کر ۱۳ ذی الحجہ کی عصر کی نماز تک ہر فرض کے بعد فوراً تکبیر تشریق: اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ پڑھنا واجب ہے، مردوں کو زور سے اور عورتوں کو آہستہ سے۔

۳-روزہ

(۱) رمضان المبارک میں پورے مہینہ کے روزے رکھنا فرض ہے۔ (۲) آخری عشرہ کے اعتکاف کا اہتمام کریں یہ سنت ہے۔ (۳) رمضان المبارک کے بعد ماہ شوال میں چھ دن کے روزے رکھنا۔ (۴) ہر اسلامی مہینہ کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ کا روزہ رکھنا۔ (۵) پیر اور جمعرات کا روزہ رکھنا۔ (۶) ذی الحجہ کی پہلی تاریخ سے لے کر نویں تاریخ تک کے روزے رکھنا۔ (۷) ۱۵/ شعبان کا روزہ رکھنا۔

(۸) محرم الحرام کی نویں دسویں، یادسویں گیارہویں کاروزہ رکھنا، یہ سب مستحب ہیں۔ (۹) چھوٹے ہوئے روزے، زکوٰۃ اور حج کی قضاء کریں، اگر نہ کرسکیں تو وفات سے پہلے فدیہ اور ادائیگی کی وصیت کریں تاکہ آخرت کی جوابدہی سے بچ جائیں۔

۴-زکوٰۃ

(۱) اگراللہ تعالیٰ نے دولت کی نعمت عطا فرمائی ہے اور نصاب کی مقدار کا مالک ہے تو اسلامی سال پورا ہونے پر پوری احتیاط اور خوشی کے ساتھ چالیسواں حصہ (ڈھائی فیصد) بطور زکوٰۃ مسلمان غرباء کو دیں۔ (۲) عید الفطر کے دن صدقۂ فطر بھی دیں۔ (۳) عید الاضحیٰ کے دنوں میں قربانی کا اہتمام بھی ضروری ہے۔ (۴) عام حالات میں بھی صدقہ کی عادت ڈالیں اور امورِ خیر میں خوب فراخ دلی سے حصہ لیں اس سے بہت سی بلاؤں اور مصائب سے حفاظت ہوتی ہے۔ (۵) نومولود کی پیدائش کے ساتویں دن نام رکھ کر بشرط گنجائش اس کا عقیقہ مستحب ہے (لڑکے کی طرف سے دو بکرے اور لڑکی کی طرف سے ایک)۔

۵-حج

(۱)اگرمکہ مکرمہ تک جانے کی استطاعت ہو تو حج کرنا بھی فرض ہے ، بصورت فرضیت اس اہم فرض کی ادائیگی میں تاخیر نہیں کرنی چاہیے اگر عذر کی بنا پر خود نہ کر سکیں تو حج بدل کا اہتمام کرنا چاہیے۔ (۲) عمرہ کرنا سنت ہے۔ (۳)جو شخص حج یا عمرہ کو جائے اس کو مدینہ منورہ ضرور حاضری دینی چاہیے، مدینہ منورہ پہنچ کر سب سے پہلے مسجد نبوی میں داخل ہونے کی کوشش کرے ،جب مسجد میں داخل ہو تو بہتر یہ ہے کہ بابِ جبرئیل سے داخل ہو،داخل ہوتے وقت پہلے دایاں پاؤں اندر رکھے اور یہ دعا پڑھے :

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْٓ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ.

مسجد نبوی میں داخل ہونے کے بعد منبر اور قبر شریف کے درمیان (اِسی جگہ کو ریاض الجنہ کہتے ہیں) کھڑا ہو کر (اگر وقت مکروہ نہ ہو تو) دو رکعت تحیۃ المسجد پڑھے، پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد

قُلۡ یٰۤاَیُّهَا الۡکٰفِرُوۡنَ اور دوسری رکعت میں قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ
پڑھے اگر ریاض الجنۃ میں جگہ نہ ملے تو مسجد نبوی میں جس جگہ چاہے
تحیۃ المسجد پڑھ لے اس کے بعد خدائے پاک کا شکر ادا کرے کہ اس
نے اتنی بڑی نعمت سے نوازا اور اپنی حاضری کی قبولیت کی دعا کرے،
اپنے تمام پچھلے اور موجودہ گناہوں سے توبہ واستغفار کرے، اور پختہ
عزم کرے کہ آئندہ کوئی گناہ نہیں کروں گا، اور اس کے بعد جو دل
چاہے دعا کرے، اُس کے بعد روضۂ اُقدس کی طرف آئے اور سرہانے
کی طرف کونے میں جو ستون ہے اُس کے پاس کھڑے ہو کر آپ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف اپنا منہ اور قبلہ کی طرف پشت کرکے ادب سے نیچی
نگاہ کیے ہوئے اور دل ودماغ کو دنیا کے خیالات اور ہر چیز سے
جو اخلاص میں رکاوٹ پیدا کرے خالی کرکے سلام پڑھے، بے ادبی کی
کوئی چیز نہ کرے، قبرِ مبارک کی طرف سجدہ ہرگز نہ کرے، کیونکہ یہ
شرک ہے جالیوں کو نہ بوسہ دے نہ ہاتھ لگائے، سلام پڑھتے وقت یہ
خیال رکھے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی قبر مبارک میں قبلہ کی

طرف منہ کیے ہوئے آرام فرماہیں، پڑھتے وقت زیادہ اونچی آواز کرنا چیخنا چلانا بے ادبی ہے اس لیے پست آواز سے یوں سلام پڑھے:

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ، اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَانَبِیَّ اللّٰہِ، اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاخَیْرَ خَلْقِ اللّٰہِ ، اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ اَرْسَلَہُ اللّٰہُ رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ، اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاسَیِّدَ الْمُرْسَلِیْنَ ، وَاِمَامَ الْمُتَّقِیْنَ ، وَ قَآئِدَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَ عَلٰی سَآئِرِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ، وَعَلٰٓی اَھْلِ بَیْتِکَ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَعَلٰٓی اَزْوَاجِکَ الطَّاھِرَاتِ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَعَلٰٓی اَصْحَابِکَ اَجْمَعِیْنَ ، وَعِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ ، اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ ، وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ، وَ اَشْھَدُ اَنَّکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ! قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَۃَ ، وَ اَدَّیْتَ الْاَمَانَۃَ وَنَصَحْتَ الْاُمَّۃَ ، وَجَاھَدْتَّ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ حَقَّ جِھَادِہٖ ، فَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْکَ کَثِیْرًا اَفْضَلَ وَاَکْمَلَ

وَاَطْيَبَ مَا صَلّٰى عَلٰٓى اَحَدٍ مِنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ، وَجَزَاكَ اللّٰهُ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَزٰى اَحَداً مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ، اَللّٰهُمَّ اَعْطِ لِسَيِّدِنَا عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ مُحَمَّدٍ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ ، وَابْعَثْهُ مَقَاماً مَحْمُوْدَنِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ، اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ.

اور پھر حضرت ﷺ کے وسیلہ سے دعا کرے اور شفاعت چاہے اور یوں کہے: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اَسْأَلُكَ الشَّفَاعَةَ وَ اَتَوَسَّلُ بِكَ اِلَى اللّٰهِ اَنْ اَمُوْتَ مُسْلِماً عَلٰى مِلَّتِكَ وَسُنَّتِكَ، اگر پورا صلوۃ وسلام یاد نہ ہو تو بہت ہی ادب و محبت کے ساتھ ہلکی آواز میں اخلاص ودھیان سے یہ کلمات پڑھے: "اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ" اگر کسی نے آپ ﷺ کو سلام عرض کرنے کی درخواست کی ہو تو اپنے سلام کے بعد ان الفاظ میں سلام پہنچائے: اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ (پہلے فلاں کی جگہ اُس آدمی کا نام اور دوسرے فلاں کی جگہ اُس کے والد کا نام لیا جائے)۔

اگر بہت سے آدمیوں نے سلام پہنچانے کی درخواست کی ہو اور اُن کے نام یاد نہ رہے ہوں تو اُن کی طرف سے اس طرح سلام عرض کرے: اَلصَّلٰوۃُ وَاَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مِنْ جَمِیْعِ مَنْ اَوْصَانِیْ بِالسَّلَامِ عَلَیْكَ.

یہاں سے فارغ ہونے کے بعد تھوڑا سا داہنی طرف چلے اور خلیفۂ اول حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو سلام کا ہدیہ پیش کرے، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے سامنے کھڑے ہو کر اس طرح سلام پڑھے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَاخَلِیْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰہِ! وَثَانِیَہٗ فِی الْغَارِ! وَرَفِیْقَہٗ فِی الْاَسْفَارِ! وَاَمِیْنَہٗ عَلَی الْاَسْرَارِ! اَبَابَکْرِ الصِّدِّیْقَ! جَزَاكَ اللّٰہُ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ خَیْراً.

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے ہو کر ان الفاظ میں سلام کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَآ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عُمَرَ الْفَارُوْقَ الَّذِیْ اَعَزَّ اللّٰہُ بِہِ الْاِسْلَامَ اِمَامَ الْمُسْلِمِیْنَ مَرْضِیًّا حَیًّا وَمَیْتًا! جَزَاكَ اللّٰہُ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ خَیْراً، پھر سب کے

لیے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ (ماخوذ از معلم الحجاج)

تلاوت قرآن مجید

(۱) روزانہ پابندی اور اہتمام سے قرآن شریف کی تلاوت کریں حافظ تین پارے روزانہ پڑھیں سنن ونوافل میں پڑھنا مناسب ہے، جو حضرات حافظ نہیں وہ کم از کم ایک پارہ دیکھ کر پڑھ لیا کریں۔ (۲) بعد نماز فجر سورہ یٰسٓ شریف، بعد نماز ظہر سورۂ رحمٰن، بعد نماز عصر سورۂ نبأ، بعد نماز مغرب سورۂ واقعہ، بعد نماز عشاء الٓمٓ تَنْزِیْل اور سورۂ ملک (تَبَارَكَ الَّذِی) اور دخان پڑھنے کی عادت ڈالیں۔ (۳) جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھیں (۴) ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت آیۃ الکرسی سورۂ فاتحہ اور چاروں قل پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے چہرے اور پورے بدن پر پھیر لیں۔ (۵) سفر میں جاتے وقت نمازِ سفر سے فارغ ہو کر پانچ سورتیں: قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ، اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ، قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ، بِسْمِ اللّٰه ---الخ سمیت پڑھنے کا اہتمام

کریں، ہر سورۃ کے شروع اور آخر میں پوری بسم اللہ پڑھیں، اِس کی برکت سے سفر میں سب سے اچھی حالت رہے گی، اور توشۂ سفر بھی سب سے زیادہ ہوگا۔ (مسندِ ابی یعلیٰ، رقم الحدیث: ۷۴۱۹)

تسبیحات

(۱) روزانہ صبح وشام پابندی سے تیسرا کلمہ: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ سو مرتبہ، درود شریف سو مرتبہ، استغفار سو مرتبہ پڑھیں۔ (۲) پانچوں نماز کے بعد اور سوتے وقت تسبیحاتِ فاطمی (یعنی ۳۳ بار سبحان اللہ، ۳۳ بار الحمدللہ، ۳۴ بار اللہ اکبر) پڑھا کریں۔ (۳) فارغ اوقات میں زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھیں۔ (۴) جن حضرات کو ذکرِ جہری کی اجازت ہے وہ ایک مقررہ وقت میں پابندی سے ذکر کیا کریں، سب سے بہتر وقت تہجد کا وقت ہے اگر اس وقت نہ ہو تو فجر سے پہلے، اس وقت نہ ہو تو نماز فجر کے بعد اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو عصر تا مغرب یا بعد عشاء۔

ذکر شروع کرنے سے پہلے سورۂ یٰسٓ شریف ورنہ سورۂ اخلاص گیارہ بار اور اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر سلسلہ کے تمام مشائخ کو ایصال ثواب کریں اور دعا کریں کہ : یا اللہ ! اپنی محبت وقرب عطا فرما اور ذکر کو قبول فرما، پھر چار زانو قبلہ رو بیٹھ کر درمیانی آواز سے ذکر شروع کریں، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دو سو مرتبہ ہر دس مرتبہ پر مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰہِ درود شریف کے ساتھ ، معنی پر غور کرتے ہوئے پڑھیں، اُس کے بعد چار سو مرتبہ اِلَّا اللّٰہُ پھر چھ سو مرتبہ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اُس کے بعد ایک سو مرتبہ اَللّٰہُ اپنے شیخ کی تعلیم فرمودہ ترتیب اور طریقہ کے مطابق یہ ذکر کریں، ورنہ جو ذکر وہ تجویز کریں اُس کو پورا کریں۔

دعائیں

(۱) روزانہ پابندی کے ساتھ الحزب الاعظم ایک منزل اور چہل صلوۃ وسلام پڑھیں۔ (۲) خاص خاص اوقات میں خاص خاص مواقع پر (مثلاً مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کے وقت، کھانا شروع

کرنے اور فارغ ہونے کے وقت، سونے سے پہلے اور بیدار ہونے کے وقت، بیت الخلاء جاتے اور نکلتے وقت) جو مخصوص دعائیں حضرت نبیٔ کریم ﷺ سے ثابت ہیں اُن کو بڑی لگن سے یاد کرکے پڑھنے کا اہتمام کریں۔ (۳) روزانہ پچیس مرتبہ یہ دعا پڑھیں: اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لِیْ فِی الْمَوْتِ وَفِیْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ۔ (۴) مُردوں کے لیے دعائے مغفرت اور ایصال ثواب کی عادت ڈالیں۔ (۵) صفحہ ۶۳ پر ایک جامع دعا لکھی گئی ہے اس کو یاد کرکے پڑھنے کا اہتمام کریں۔

ہدایات

(۱) ہمیشہ باوضو اور پاک رہنے کی عادت ڈالیں۔ (۲) سنت کے مطابق زندگی گذارنے کا طریقہ سیکھیں اور اس پر عمل کریں۔ (۳) حقوق اللہ اور حقوق العباد معلوم کرکے ان کی ادائیگی کا خصوصی اہتمام کریں۔ (۴) رشتہ داروں، پڑوسیوں اور تمام لوگوں کے ساتھ حسن سلوک کریں۔ (۵) زبان کو ہر وقت یادِ الٰہی میں مشغول رکھیں۔ (۶) زبان کی تمام گناہوں (مثلاً جھوٹ، غیبت، چغلی، بہتان تراشی

وغیرہ) سے حفاظت رکھیں، اسی طرح کان کی اِن چیزوں کے سننے سے حفاظت رکھیں آنکھ کی نامحرم ،اَمرد اور دیگر ناجائز مواقع کی طرف دیکھنے سے حفاظت رکھیں۔ (۷) ہر عمل میں اخلاص اور اللہ تعالیٰ کی رضا کا خیال رکھیں،اور تقویٰ اختیار کریں، عام مجلسوں میں بیٹھنے سے احتراز کریں ،کیونکہ بہت کم مجلسیں اس دور میں غیبت اورلایعنی باتوں سے خالی ہوتی ہیں ، علماء ، صلحاء و مشائخ اور صحیح دینی جماعتوں پر طعن نہ کریں ، ان کا دل سے احترام کریں ، بلاضرورت بازار جانے سے احتراز رکھیں کہ حدیث شریف میں اس کو بدترین جگہ بتلایا ہے، کسی کی چیز بلااجازت استعمال کرنے سے اجتناب کریں۔ (۸) سونے سے قبل کچھ وقت (خواہ پانچ منٹ یا دس منٹ ہی کیوں نہ ہو) فارغ کر کے دن بھر کے کاموں کا محاسبہ کیجئے، جتنے نیک کام ہوئے ہوں اُن پر اللہ تعالیٰ کا شکر اور اس پر استقامت، نیز مزید نیکیوں کی توفیق کی دعا کیجئے ،اور جو گناہ اور کوتاہیاں ہوئی ہیں ان پر نفس کو ملامت کرنے کے ساتھ ان سے سچی توبہ واستغفار اور آئندہ ان کو نہ کرنے کا پختہ عزم کیجئے ،روزانہ کچھ وقت نکال کر اسلامی دینی کتابیں، رسالے،

مسائل، سیرت ، تفسیر اور احادیث خصوصًا اکابر کی سوانحِ حیات ، مواعظ ، مکتوبات اور ملفوظات کا اہتمام سے مطالعہ کرتے رہیں ، بالخصوص اپنے شیخ کی کتابوں کا ،اور وقتاً فوقتاً شیخ کی خدمت میں حاضری کا معمول بنالیجئے، بالخصوص رمضان میں ،ہمیشہ موت کو یاد کرتے رہیں ،اور اس کی تیاری میں لگے رہیں ،ہر ایک کے حقوق ادا کریں، چوری ،دغا، ظلم اور رشوت سے دور رہیں، حرام روزی بلکہ مشتبہ تک سے اپنے آپ کو بچائیں ، منکرات سے پورا پرہیز رکھیں۔ (۹)عبادات کے ساتھ ساتھ اپنے معاملات کو بھی درست کریں ، بالخصوص بیع وشراء (خرید وفروخت)اور لین دین کی جائز اور ناجائز صورتوں کا علم حاصل کریں، اور اس کے مطابق معاملات کو انجام دیں۔(۱۰) ہر کام میں اتباع سنت کا اہتمام کریں،امور مستحبہ کی بھی پابندی کریں۔(۱۱) خلاف مزاج باتوں پر صبر کریں۔(۱۲) کبھی اپنے کو صاحبِ کمال نہ سمجھیں۔(۱۳) گفتگو کرنے سے پہلے خوب سوچ لیا کریں جب خوب اطمینان ہو جائے کہ اس میں کوئی خرابی نہیں ،اور اس میں کوئی دینی یا دنیوی ضرورت یا فائدہ ہے تب اُس کو زبان سے

نکالیں (۱۴) کسی بُرے آدمی کی بھی بُرائی نہ کریں نہ سنیں۔ (۱۵) کسی مسلمان کو اگرچہ وہ گنہگار ہو حقیر نہ سمجھیں۔ (۱۶) مال، عزت اور عہدہ کی طمع و حرص نہ کریں۔ (۱۷) بے ضرورت اور بے فائدہ لوگوں سے ملنے جلنے سے احتراز کریں، جب ملنا ہو خوش خلقی سے ملیں۔ (۱۸) غیر متعلق کاموں میں دخل نہ دیں۔ (۱۹) جب کسی کو نصیحت کریں انتہائی نرمی اور شفقت سے نصیحت کریں۔ (۲۰) اپنی غلطی پر اصرار نہ کریں، بلکہ اپنی غلطی معلوم ہونے پر فوراً اپنی غلطی کا اِقرار کر لیا کریں۔ (۲۱) ہر حالت میں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھیں، اُسی سے اپنی حاجات عرض کیا کریں۔ (۲۲) لوگوں سے صورتِ سوال سے بھی احتراز کریں۔ (۲۳) ذکر اللہ کا اثر اور فائدہ ضرور ہوتا ہے خواہ اس کا احساس نہ ہو، اس لیے فائدہ محسوس نہ ہونے کی حالت میں دل تنگ نہ ہوں، اور اس کو چھوڑیں نہیں، نہ اس میں کوتاہی و سستی کریں، کوئی نہ کوئی وقت ایسا ہوگا کہ خدا تعالیٰ کی عنایت شامل حال ہو جائے گی اور بیڑا پار ہو جائے گا، ان شاء اللہ ۔ (۲۴) اپنی حالت کی نگہداشت رکھیں، اپنے نفس اور شیطان کے مکر سے کبھی بھی بے فکر نہ ہوں،

ترقی کے لیے کوشش اور دعا کرتے رہیں۔(۲۵)گھر میں سب کو جمع کر کے تھوڑی دیر کتابی تعلیم کا اہتمام کریں اور اولاد کی صحیح تربیت کی پوری فکر کریں۔

توبہ واستغفار

قرآن کریم میں اللہ پاک کا ارشاد ہے: " فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّاراً "حدیث پاک میں ہے کہ : جو شخص سچے دل سے توبہ واستغفار کرے اس کے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں خواہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے حضور پاک ﷺ کو ایک مجلس میں ستر (۷۰) مرتبہ سے زیادہ استغفار کرتے سنا، لٰہذا روزانہ زیادہ سے زیادہ استغفار پڑھنے کی عادت ڈالنی چاہیئے ،جو گناہ جان کر یا انجانے میں ہو گئے ہیں ان سے ہمیشہ توبہ واستغفار کرتے رہنا چاہیئے۔ روزانہ صبح وشام استغفار و توبہ کا فائدہ یہ ہے کہ اگر موت آگئی تو صرف ایک دِن کا حساب ہو گا۔

سید الاستغفار

شداد بن اوس رضی اللہ عنہ نے نقل کیا ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: سید الاستغفار یہ ہے کہ تم کہو:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَ وَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْٓءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْٓءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ.

ترجمہ: اے اللہ! تو میرا رب ہے تیرے سوا معبود کوئی نہیں، مجھ کو تونے پیدا کیا ہے اور میں بندہ تیرا ہوں اور جہاں تک مجھ سے بن پڑتا ہے تیرے ساتھ عہد (یوم میثاق والے) اور اپنے وعدہ پر قائم ہوں، جو برائیاں میں نے کیں ان کے برے نتائج سے تیری پناہ کا طالب ہوں، جو جو نعمتیں تو نے مجھ پر فرمائیں ان سب کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے سب گناہوں کو بھی تسلیم کرتا ہوں، پس اب تو مجھے بخش دے کیونکہ تیرے سوا گناہوں کو کوئی نہیں بخشتا۔

فائدہ: اس استغفار کو جو شخص سچے دل اور اخلاص کے ساتھ صبح کو پڑھے گا اگر شام سے قبل وفات پا گیا تو بے شک اس آدمی کا ٹھکانہ جنت ہے، اور اگر رات کو سچے دل اور اخلاص کے ساتھ پڑھ لیا تو اگر صبح سے قبل وفات پا گیا تو اس کا ٹھکانہ جنت ہے، اس سید الاستغفار کو صبح شام کم از کم ایک ایک مرتبہ پڑھنا چاہیے۔ (بخاری: رقم: ۶۳۰۶)

آداب دعاء

دعا ایک مستقل عبادت ہے جس کو حدیث میں عبادت کا مغز قرار دیا گیا ہے، اور علماء نے اس کو مسنون بتایا ہے، اس کی حقیقت یہ ہے کہ بندہ اپنی حاجت روائی اور مشکل کشائی کے لیے اللہ تعالیٰ کے حضور میں دستِ سوال دراز کرے۔

بعض متعلقات دعاء

ارکان: (۱) اخلاص۔ (۲) قبولیت کا یقین۔ (۳) دل کی گہرائی سے دعا کرنا۔

شرائط: (۱) حرام سے بچنا۔ (۲) گناہ یا قطع رحمی کی دعا نہ مانگنا۔ (۳) محال اور ناممکن امر کی دعا نہ کرنا۔ (۴) قبولیت دعا میں جلدی نہ کرنا۔

مستحبات: (۱) دعا سے پہلے کوئی نیک کام مثلاً صدقہ کرنا۔ (۲) دعا سے پہلے طہارت حاصل کرنا اور نماز پڑھنا۔ (۳) سائل کی طرح ہاتھ پھیلا کر دعا کرنا۔ (۴) آواز پست کرنا اور ادبِ خداوندی کا لحاظ رکھنا۔ (۵) اول و آخر حمد کرنا اور درود پڑھنا۔ (۶) رغبت و شوق کے ساتھ دعا کرنا۔ (۷) دعا میں گڑگڑانا اور اپنے گناہوں کا اقرار کرنا۔ (۸) منقول دعاؤں کو اختیار کرنا۔ (۹) انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اور خدا کے نیک بندوں کے وسیلہ سے دعا کرنا۔ (۱۰) پہلے اپنے لیے پھر والدین کے لیے دعا کرنا۔ (۱۱) الفاظِ دعا کا تین بار کہنا۔ (۱۲) دعا مانگنے اور سننے والے کا آمین کہنا۔ (۱۳) اسماء حسنیٰ کے ذریعہ دعا مانگنا۔ (۱۴) فراغت کے بعد دونوں ہاتھ منہ پر پھیرنا۔

مکروہات: (۱) بوقت دعا آسمان کی جانب نگاہ اٹھانا۔ (۲) بتکلف قافیہ بندی کرنا۔ (۳) بالقصد نغمہ سرائی کرنا۔ (۴) رحمتِ

خدواندی کے مانگنے میں تنگی کرنا مثلاً یوں کہنا کہ : صرف میری مغفرت فرمااور کسی کی نہ فرما۔

مواقع قبولیت

(۱)اذان کے بعد۔(۲)اذان واقامت کے درمیان۔(۳)جہاد کے دوران۔(۴)تلاوتِ قرآن اور ختم کے بعد۔(۵)آبِ زمزم پیتے وقت۔(٦)بیت اللہ کو دیکھنے کے وقت۔(۷)مرغ کی اذان سن کر۔(۸)قریب المرگ اوراس کے پاس بیٹھنے والوں کا دعا کرنا نیز میت کی آنکھیں بند کرتے وقت۔(۹)مسلمانوں کے جائزاجتماعات میں۔(۱۰)ذکر کی مجلس میں۔(۱۱)بارش کے وقت۔(۱۲)فرض نمازوں کے بعد۔(۱۳)ہر نیک عمل کے بعد دُعا کا اہتمام کرنا چاہئے۔

اوقات قبولیت

(۱)شبِ قدر۔(۲)یومِ عرفہ۔(۳)رمضان المبارک کا مہینہ۔(۴)شبِ جمعہ۔(۵)تہجد کے وقت (٦)جمعہ کا پورادن تاکہ ساعت اجابت میَسر ہوجائے۔

ان متعلقات کی رعایت کرنے سے دعا کی قبولیت کی زیادہ امید ہے۔

نمازِ استخارہ مسنون ہے: جب کسی کام کا ارادہ ہو تو اللہ سے مشورہ کرلے یہ سنت ہے، حدیث میں اس کی تاکید آئی ہے، اور اس سے خیر و برکت بھی حاصل ہوتی ہے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ صاف کپڑے پہن کر ۲ رکعت نفل نماز پڑھ کر یہ دعا پڑھے اور نشان زدہ الفاظ پر جب پہنچے تو جس کام کا مشورہ کررہا ہے اس کا دھیان کرے اور صاف بستر پر قبلہ رو سو جائے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَ اَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ. اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ.

نوٹ: استخارہ ۳ یا ۵ یا ۷ دن تک کیا جاسکتا ہے، استخارہ کے بعد جس طرف دل مائل ہو اس کو ترجیح دی جائے، خواب ہی دیکھنا ضروری نہیں۔

شجرۂ منظومہ چشتیہ صابریہ امدادیہ محمودیہ

یاالٰہی دور فرما میرے امراضِ دلی — دونوں عالم کی ختم ہو جائے جس سے بے کلی
بہرِ محمود حسن یکتائے فن روشن ضمیر — حضرت شیخ زکریا ذات جن کی منجلی
بہرِ مولانا خلیل احمد رشید احمد مجھے — سوزِ پنہانی عطا کر اور دکھا سچی گلی
بہرِ امداد و بنُور و حضرتِ عبدالرحیم — عبدِ باری، عبدِ ہادی، عضدِ دیں مکی ولی
پھر محمدی و محب اللہ وشاہِ بوسعید — پھر نظام الدین جلال و عبدِ قدوسِ ذکی
پھر محمد اور احمد عبدِ حق شیخِ جلال — شمسِ دیں ترک و علاءالدین فرید جود ھنی
قطب دین اور پھر معین الدین و عثمان و شریف — خواجہ مودود و بویوسف محمد احمدی
بواسحاق و خواجہ ممشاد وہبیرہ نامور — پھر حذیفہ ابن ادہم پھر فضیلِ مرشدی
عبدِ واحد پھر حسن بصری علی فخر دیں — سید الکونین فخر العالمین بشریٰ نبی
دل کو میرے یاالٰہی پاک کر تو غیر سے — خیر دنیا دے مجھے اور آخرت بھی ہو بھلی

ضروری گزارش

اس کتاب کے پڑھنے والے تمام لوگوں سے مؤدبانہ گزارش ہے کہ مجھ ناچیز، میرے والدین و جمیع اہلِ خانہ کو اپنی مخصوص دعاؤں میں ضرور شامل فرمالیں، بڑا ہی احسان ہو گا، احقر دعاؤں کا بہت محتاج ہے۔

حاجی رشید احمد (ساجکو)

مفت حاصل کرنے کا پتہ

☆

ساجکو مدن پورہ، بنارس

☆

خانقاہ محمودیہ

مسجد بلال، مالتی باغ، مدن پورہ، بنارس

Printed By: Zarnigar, Varanasi. Ph: 2455160-2455161